25-07-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔دھرمیندر پردھان نے استعفیٰ دے دیا۔طلبہ کے احتجاج پر افسوس کا اظہار کیا۔

۲۔دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کے بعد بنڈی سنجے نے پارٹی نظریہ کا اعادہ کیا۔

۳۔وزیر سیتا اکا کی تلنگانہ میں ایل نینو سے پیدا ہونے والے آبی چیلنجس سے نمٹنے کی ہدایت۔

۴۔وزیر پی سرینواس ریڈی نے رئیل اسٹیٹ میں مندی کے دعوے مسترد کر دیا۔

اور

۵۔قدیم بدھ مت مقام سارناتھ یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ کی فہرست میں شامل۔

PRADHAN RESIGNATION:

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے آج اپنے عہدہ سے استعفیٰ دے دیا اور اپنا استعفیٰ وزیرِ اعظم نریندر مودی کو پیش کر دیا۔سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں دھرمیندر پردھان نے کہا کہ گزشتہ 10 دنوں سے طلبہ کے احتجاج کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال پر انہیں شدید دکھ ہے اور یہ معاملہ ان کی ذاتی انا یا وقار کا نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ نئی دہلی کے جنتر منتر سمیت ملک بھر میں پیدا ہونے والی صورتحال، ملک دشمن عناصر کو اس کا فائدہ اٹھانے سے روکنے اور کسی بھی طالب علم کے مستقبل کو قانونی پیچیدگیوں میں الجھنے سے بچانے کے لئے انہوں نے وزیر اعظم کو اپنا استعفیٰ پیش کرنے کا فیصلہ کیا۔دھرمیندر پردھان نے وزیرِ اعظم نریندر مودی کی رہنمائی، اعتماد اور مسلسل تعاون پر ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ قوم کی خدمت ان کی زندگی کی اولین ترجیح ہے اور وہ ہمیشہ اسی جذبہ کے ساتھ ملک کی خدمت کرتے رہیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ NEET-UG

امتحان 2026 میں بے ضابطگیوں کے بعد حکومت نے معاملہ کی تحقیقات سی بی آئی کے حوالہ کردی تھی اور امتحان منسوخ کرکے دوبارہ امتحان کی تاریخ کا اعلان کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ سال سے یہ امتحان کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ کے ذریعہ منعقد کیا جائے گا۔

NSD

BANDI SANJAY :

مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ پر بنڈی سنجے نے سوشل میڈیا پر ردِ عمل دیتے ہوئے کہا کہ ان کی جماعت کا بنیادی نظریہ ’سب سے پہلے ملک، پھر پارٹی اور آخر میں ذاتی مفاد‘ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عہدے عارضی ہوتے ہیں جبکہ عوام کا اعتماد سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ بنڈی سنجے نے دھرمیندر پردھان کی طالب علم قائد سے لے کر مرکزی کابینہ کے اہم وزیر تک کی طویل عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جمہوریت کا حقیقی مطلب عوام کی آواز کا احترام کرنا اور ضرورت پڑنے پر ذمہ داری قبول کرنا ہے۔ ادھر، NEET پرچہ لیک معاملہ پر طلبہ کی جانب سے دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کا مطالبہ ان کے عہدہ چھوڑنے کے اعلان کے بعد پورا ہو گیا۔

Desk

MANN KI BAAT

وزیرِ اعظم نریندر مودی کل صبح 11 بجے آکاش وانی کے ماہانہ ریڈیو پروگرام ’من کی بات‘ میں ملک اور بیرونِ ملک مقیم ہندوستانی عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 136 ویں قسط ہوگی۔ پروگرام آکاش وانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک، آل انڈیا ریڈیو نیوز کی ویب سائٹ اور NewsOnAir موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ AIR نیوز، DD نیوز،

وزیر اعظم کے دفتر اور وزارتِ اطلاعات ونشریات کے یوٹیوب چینلس پر بھی اس کی براہِ راست نشریات کی جائیں گی۔ ہندی نشریات کے فوراً بعد آکاش وانی اسے مختلف علاقائی زبانوں میں بھی نشر کرے گا۔

Desk

MISSION BHAGIRATHA

ریاستی وزیر پنچایت راج سیتا اکا نے مشن بھاگیرتا کے حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایل نینو کے باعث پیدا ہونے والے آبی چیلنجس سے نمٹنے کے لئے چوکس رہیں اور موثر منصوبہ بندی کے ساتھ اقدامات کریں۔ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کے دوران حکام نے یقین دہانی کرائی کہ جامع ایکشن پلان کے تحت ذخائر میں آئندہ 100 دنوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے وافر پانی موجود ہے۔ انہوں نے حکام کو زمینی صورتحال کا معائنہ کرنے، خراب پائپ لائنوں کی فوری مرمت یقینی بنانے، 16 ویں مالیاتی کمیشن کے فنڈس سے پینے کے پانی کو ترجیح دینے اور بارش کے پانی کو محفوظ بنا کر مقامی وسائل کے موثر استعمال کی ہدایت دی۔ انہوں نے بالخصوص قبائلی علاقوں میں ہفتہ وار دوروں، مقامی عوامی نمائندوں کے ساتھ جائزہ اجلاسوں اور پانی کی قلت سے بچاؤ کے لئے موثر اقدامات پر زور دیا۔ سیتا اکا نے غفلت کو برداشت نہ کرنے کی پالیسی اپنانے اور عوام کو کمیونٹی واٹس ایپ گروپس کے ذریعہ بروقت معلومات فراہم کرنے کی بھی ہدایت دی۔

Desk

RAMACHANDER RAO

بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے پرچہ سوالات کے لیک ہونے کے خلاف 2024 میں ہی قانون نافذ کیا تھا اور اب اس میں مزید ترامیم کی جا رہی

ہیں۔انہوں نے بتایا کہ مجوزہ ترمیم کے تحت پرچہ لیک میں ملوث افراد کو 10 سال قید اور 15 کروڑ روپے جرمانہ کی سزا دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ایسے مقدمات کی فوری سماعت کے لئے فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کی جاچکی ہیں۔رام چندر راؤ نے امتحانی بدعنوانیوں کے خلاف سخت اقدامات متعارف کروانے پر وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ بھی ادا کیا۔

Desk

SIRCILLA

سرسلہ میں ڈی ایس پی ناگیندر چاری کی نگرانی میں راجیونگر کے علاقہ میں امن وامان برقرار رکھنے کے لئے عوامی رابطہ پروگرام منعقد کیا گیا۔پولیس نے ضروری دستاویزات کے بغیر چلنے والی 60 گاڑیاں ضبط کرلیں،ایک غیر قانونی بیلٹ شاپ کے خلاف مقدمہ درج کرتے ہوئے شراب بھی برآمد کی جبکہ علاقہ میں رہنے والوں کی معلومات بھی جمع کی گئیں۔شہریوں سے اپیل کی گئی کہ وہ اپنے گھروں اور کاروباری مقامات پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کریں،مشتبہ سرگرمیوں کی فوری اطلاع دیں اور منشیات سے متعلق معلومات خفیہ طور پر پولیس کو فراہم کریں۔

Sircialla Rajanna

Pratima Singh

ضلع میدک کی کلکٹر پرتیما سنگھ نے رامائم پیٹ میں 200 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ ریزیڈینشل اسکول کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔انہوں نے معیاری تعلیم کو ترجیح دیتے ہوئے حکام کو ہدایت دی کہ تعمیراتی کام تیز کرنے کے لئے مزید مزدور تعینات کئے جائیں،معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور سخت منصوبہ بندی کے تحت آئندہ تعلیمی سال کے آغاز سے قبل منصوبہ مکمل کیا جائے۔

Medak

SP ROHIT RAJ :

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے سپرنٹنڈنٹ پولیس روہت راج نے خاتون پولیس ملازمین کوخواتین اور لڑکیوں کے تحفظ کومزید مضبوط بنانے کے لئے 'پولیس اکا' پروگرام کے مؤثر نفاذ سے متعلق رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے خاتون کانسٹیبلوں کو ہدایت دی کہ وہ باقاعدگی سے اسکولوں کا دورہ کریں، طالبات کے ساتھ اعتماد پرمبنی تعلقات قائم کریں اور سائبر جرائم، پوکسو قانون، منشیات، ریاگنگ اور کم عمری کی شادی جیسے موضوعات پر بیداری پیدا کریں۔ انہوں نے شی ٹیموں کے ساتھ فوری اور موثر رابطہ برقرار رکھنے کی بھی ہدایت دی۔

Bhadradri Kothagudem

SC, ST Commission

تلنگانہ ایس سی، ایس ٹی کمیشن کے چیرمین بی وینکٹیا نے جگتیال ضلع کے چنتلا پیٹ گاؤں میں پیش آئی قتل کی واردات میں مقتولہ سنیتا کے ارکان خاندان سے ملاقات کی اورانہیں فوری انصاف کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کومتاثرہ خاندان کو معاوضہ اور بازآبادکاری کی سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ فاسٹ ٹریک عدالت کے ذریعہ مقدمہ کی جلد سماعت یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ اس سے قبل انہوں نے ریاست کی خوشحالی اور کسانوں کے لئے بہتر بارش کی پرارتھنا کرتے ہوئے کنڈاگٹو مندر میں خصوصی پوجا بھی کی۔

Jagtial

ASHISH SANGWAN :

کاماریڈی ضلع کے کلکٹر اور مردم شماری آفیسر آشیش سنگوان نے ضلعی مردم شماری ہینڈ بک کے لئے معلومات جمع کرنے والے فیلڈ عملہ کو ہدایت دی کہ اعداد وشمار کی تیاری میں مکمل درستگی، اعلیٰ معیار اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہینڈ بک سماجی، معاشی اور انتظامی معلومات کا ایک اہم

حوالہ ہوتی ہے، اس لئے تمام ریکارڈ کی دوبارہ جانچ، مختلف محکموں کے ساتھ موثر رابطہ اور مقررہ مدت کے اندر غلطیوں سے پاک رپورٹیں جمع کرائی جائیں۔

Kamareddy

PONGULETI

وزیر پی سرینواس ریڈی نے اندراما ٹاورس ہاؤسنگ اسکیم سے متعلق درخواست گزاروں کی رہنمائی کے لئے خصوصی ہیلپ لائن 040-24603572 کا آغاز کیا ہے۔ یہ اسکیم اُن کم آمدنی والے خاندانوں کے لئے ہے جو کم از کم دس برس سے کیور علاقہ میں مقیم ہیں اور جن کی سالانہ آمدنی 6 لاکھ روپے سے کم ہے۔ پہلے مرحلہ میں ریاست کے 16 اسمبلی حلقوں میں 7,680 فلیٹس تعمیر کئے جائیں گے۔ درخواست دینے کے لئے صرف آدھار نمبر درکار ہوگا اور درخواست آن لائن یا می سیوا مراکز کے ذریعہ داخل کرائی جاسکتی ہے۔ درخواست گزاروں کو یو پی آئی یا نیٹ بینکنگ کے ذریعہ 10 ہزار روپے بطور قابلِ واپسی رقم دھڑوت جمع کرانے ہوں گے۔ مکانات کا الاٹمنٹ شفاف قرعہ اندازی کے ذریعہ کیا جائے گا۔

Desk

BEAUTIFICATION

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے رئیل اسٹیٹ کے شعبہ میں مندی کے دعووں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلیٹس کی فروخت میں 40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ انہوں نے موسیٰ ندی کے ریور فرنٹ کی خوبصورتی، میٹرو ریل کی توسیع اور دیگر اہم بنیادی ڈھانچہ کے منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت شہری ترقی کے ساتھ ساتھ غریبوں کو اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے تحت رہائش فراہم کرنے کے لئے بھی پُرعزم ہے۔

Desk

WEATHER

تلنگانہ میں 25 جولائی سے 29 جولائی کے دوران مختلف مقامات پر ہلکی سے اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے اس دوران ریاست کے تمام اضلاع میں بعض مقامات پر 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیش قیاسی کی ہے۔

Desk

VANA MAHOTSAVAM

باوقار ون مہوتسو پروگرام کے تحت حیدرآباد میٹرو پولیٹن ڈیولپمنٹ اتھارٹی (حمڈا) اس سال ایک لاکھ خاندانوں میں فی گھر پانچ مفت پودے تقسیم کر رہا ہے جن میں تین پھل دار اور دو دواؤں یا سجاوٹی پودے شامل ہیں۔ این جی اوز، ویلفیئر اسوسی ایشنس اور رضا کار تنظیمیں اس مہم میں حصہ لینے کیلئے ایچ ایم ڈی اے، امیر پیٹ میں اسسٹنٹ ڈائرکٹر باغبانی ڈی چکر پانی سے رابطہ کر سکتی ہیں۔

Desk

SARNATH

قدیم بدھ مت مقام سارناتھ کو یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ کی فہرست میں شامل کرلیا گیا ہے۔ مرکزی وزیر سیاحت گجیندر سنگھ شیخاوت نے اسے ہندوستان کے ثقافتی ورثہ کے لئے ایک تاریخی لمحہ قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ سارناتھ امن، دانش اور ہمدردی کی لازوال علامت ہے اور یہ انسانیت کے لئے ہندوستانی تہذیب کی گہری روحانی اور فلسفیانہ خدمات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ثقافتی ورثہ میں شمولیت اس بات کی توثیق کرتی ہے کہ ہندوستان ایسے عظیم افکار کا گہوارہ رہا ہے جو نسل در نسل پوری دنیا کو متاثر کرتے رہے ہیں۔

NSD

VATTIVAGU PROJECTS

اسٹیٹ لائبریریز کے چیرمین ریاض نے آصف آباد ضلع میں کمرم بھیم اور وٹی واگو آبی منصوبوں کا دورہ کر کے وہاں پانی کی سطح کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ایل نینو کے اثرات کے باعث ذخائر میں پانی کی سطح مکمل گنجائش سے کم ہے اس لئے کسان زرعی ماہرین کی ہدایات پر عمل کریں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ منصوبوں کی ضروری مرمت کے لئے درکار فنڈس کے معاملہ پر ریاستی حکومت سے بات کی جائے گی تا کہ مقامی کسانوں کو سہولت فراہم کی جاسکے۔

Komaram Bheem